I۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جواب 1 یا 2 جملوں میں دیجئے۔

1۔ اقوام متحدہ کا قیام کب عمل میں آیا؟

2۔ اقوام متحدہ کے کوئی دو مقاصد لکھئے۔

3۔ کونسے ممالک کو ویٹو اختیار حاصل ہے؟

4۔ وہ کونسی تنظیم ہے جو مجلس اقوام کے قیام کے وقت بنائی گئی تھی؟

5۔ اقوام متحدہ کے موجودہ سکریٹری جنرل کون ہیں؟

II۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جواب 4 یا 5 جملوں میں دیجئے۔

1۔ مجلس اقوام کے قیام اور اس کے مقاصد کے بارے میں ایک نوٹ لکھئے۔

2۔ اقوام متحدہ کی سائنسی کامیابیوں کے بارے میں لکھئے۔

3۔ اقوام متحدہ کی صحت کی کامیابیاں کیا ہیں؟

III۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جواب 8 یا 10 جملوں میں لکھئے۔

1۔ دو عظیم جنگوں کے بعد بین الاقوامی اداروں کے قیام کے کیا اسباب تھے؟

2۔ اقوام متحدہ کے اہم اعضاء کونسے ہیں؟

3۔ اقوام متحدہ کی کامیابیوں کے بارے میں لکھئے۔

4۔ موجودہ حالات میں اقوام متحدہ میں کونسی تبدیلیوں کی ضرورت ہے؟

5۔ اقوام متحدہ 2030ء کے پائیدار ترقی کے کیا اہداف ہیں؟

IV۔ متعدد انتخابی سوالات

1۔ ورسیلیز معاہدہ کے بعد یہ تنظیم کا قیام عمل میں آیا۔

(A) UNO (B) مجلس اقوام (C) WHO (D) WTO

2۔ بین الاقوامی عدالت کا دفتر اس شہر میں ہے؟

(A) جنیوا (B) نیویارک (C) لندن (D) ہیگ

3۔ ان میں سے کونسا ویٹو اختیار نہیں رکھتا؟

(A) امریکہ (B) برطانیہ (C) ہندوستان (D) چین

4۔ یہ اقوام متحدہ کا مقصد نہیں ہے؟

(A) ملک کے داخلی مسائل کو حل کرنا

(B) بین الاقوامی امن قائم کرنا

(C) ملکوں کے مابین دوستانہ تعلقات کو فروغ دینا

(D) انسانی فطرت کے بین الاقوامی مسئلے کو حل کرنا

5۔ موجودہ اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل ( )

(A) بان کی مون (B) جان کی مون (C) کوفی عنان (D) انٹونیو گیٹریس